رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com www.dehlviremedies.com sanaherbals.gmail.com info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA GORAKHPUR
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
GORAKHPUR Pages: 12 ₹ 4/- Vol:23 Issue :8885
شمارہ نمبر:8885 سال:23 Friday 21 June 2024
14/ذی الحجہ 1445ھ جمعہ «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار

ہارے ہوئے ممبران پارلیمنٹ اور مرکزی وزرا کو بنگلہ خالی کرنے کا حکم

نئی دہلی ، (ایجنسیاں)

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں نئی حکومت تشکیل دے دی گئی۔ اب 18 ویں لوک سبھا کیلئے تمام جیتنے والے ممبران پارلیمنٹ لوک سبھا میں حلف لیں گے۔ جو ممبران پارلیمنٹ الیکشن میں جیت گئے ان کے سرکاری بنگلے برقرار رہیں گے، جو لوگ پہلی بار ممبر پارلیمنٹ بنے ہیں، انہیں سرکاری بنگلے الاٹ کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی لوک سبھا الیکشن ہارنے والے ممبران پارلیمنٹ کو اپنی رہائش کا چھوڑنی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق لوک سبھا انتخابات میں ہارنے والے وزرا اور ممبران پارلیمنٹ کو بنگلہ خالی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ان کے پاس بنگلہ خالی کرنے کیلئے 11 جولائی تک کا وقت ہے۔ شہری ترقی کی وزارت کے تحت ڈائریکٹر آف اسٹیٹس نے نوٹس جاری کیا ہے۔ بنگلہ خالی کرنے والوں میں مرکزی وزرا اسمرتی ایرانی، آر کے سنگھ، ارجن منڈا، مہندر ناتھ پانڈے، سنجیو بالیان، راجیو چندر شیکھر، کیلاش چودھری، اجے مشرا، شوبھا کرندلاجے، وی مرلی دھرن، نشت پرامانک، سبھاش سرکار، ساوتھی ٹھاکر، جیوتی جیوتی، راؤ صاحب دانوے، کوشل کشور، بھانو پرتاپ ورما، رکیش پٹل، بھگوت کشو، بھارتی پوار وغیرہ کے علاوہ مینا کماری لکھیڑا جیسے لیڈران بھی شامل ہیں، جنہیں ٹکٹ نہیں ملا۔

ہندوستان، فرانس اور آسٹریلیا کی سہ فریقی تعاون کی طرف پیش رفت

نئی دہلی، (یو این آئی) ہندوستان، فرانس اور آسٹریلیا نے سمندری حفاظت اور سلامتی، سمندری اور ماحولیاتی تعاون اور کثیر جہتی تعلقات کے شعبوں میں پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔ جوائنٹ سکریٹری (یورپ ویسٹ) پیوش سریواستو اور جوائنٹ سکریٹری (انڈیپنڈنٹ انڈو پیسفک) پرمیتا ترپاٹھی نے بدھ کو ہونے والی میٹنگ میں ہندوستانی فریق کی قیادت کی۔ فرانسیسی فریق کی قیادت وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر (ایشیا اور اوقیانوس) جینوٹ گائیدی نے کی اور آسٹریلوی فریق کی قیادت فرسٹ اسسٹنٹ سکریٹری (انڈو پیسفک ایشیا ڈویژن، اور خارجہ اور تجارت کے شعبے کی سارہ اسٹوری نے کی۔ سرکاری بیان کے مطابق تینوں فریقوں نے انڈو پیسفک اوشین انسٹیٹیوٹ (آئی پی او آئی) اور انڈین اوشین رم ایسوسی ایشن (آئی او آر اے) میکانزم کے فرنٹم ورک کے اندر سہ فریقی تعاون کو آگے بڑھانے کیلئے نئی تجاویز بھی پیش کیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان، آسٹریلیا اور فرانس نے اپنی مشترکہ اقدار کو آگے بڑھانے اور ایک آزاد، کھلے، جامع اور قواعد پر مبنی بند۔ بحرالکاہل خطے کیلئے عمل کو کام کرنے کا عہد کیا ہے۔

نتیش سرکار کو دھچکا ▫ نہیں ملے گا 65 فیصد ریزرویشن

پٹنہ ہائیکورٹ نے سرکاری ملازمتوں اور تعلیمی اداروں میں ریزرویشن میں اضافے کے سرکار کے فیصلے پر لگائی روک

پٹنہ، (ایجنسیاں)

بہار میں ریزرویشن کا دائرہ بڑھانے کے ریاستی حکومت کے فیصلے کو پٹنہ ہائی کورٹ نے جھٹکا دیا۔ ہائی کورٹ نے ریزرویشن کی دائرہ 50 فیصد سے بڑھا کر 65 فیصد کرنے کے ریاستی حکومت کے فیصلے کو منسوخ کر دیا ہے۔ پٹنہ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو دھچکا دیتے ہوئے کہا کہ ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے زیادہ نہیں بڑھ سکتی۔ ریزرویشن کی زیادہ تر کوششیں ناکام ثابت ہوئیں۔ البتہ جب حکومت بنسنے جا رہے ہیں تو ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے بڑھ کر 65 فیصد کر دی گئی۔ اس کے بعد